خریداری

گاہک	السلام علیکم۔
دکاندار	وعلیکم السلام۔ تشریف لائیے۔ کہیے میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟
گاہک	مجھے ایک کرتا شلوار چاہیے۔
دکاندار	کیا آپ کے اپنے لیے؟
گاہک	جی ہاں۔ میرے لیے۔
دکاندار	بہتر ہے۔ یہ دیکھیے۔ بالکل نئے انداز کے ہیں۔ اور سب دوپٹوں کے ساتھ ہیں۔
گاہک	کیا یہ میرے سائز کے ہیں؟
دکاندار	جی ہاں۔ یہ درمیانہ سائز کا ہے۔ آپ کے لیے ٹھیک رہیں گے۔
گاہک	مجھے گہرے رنگ میں نہیں، ہلکے رنگ میں چاہیئیں۔
دکاندار	یہ لیجیے۔ یہ ہلکے رنگ بھی موجود ہیں۔
گاہک	اس کی کیا قیمت ہے؟
دکاندار	اس کی قیمت ۱۵۰۰ روپیے ہے۔
گاہک	ارے، یہ تو بہت مہنگا ہے۔ کچھ کم کیجیے۔
دکاندار	محترمہ، یہ بہت اچھی قسم کا اور عمدہ کپڑے کا ہے۔ یہ قیمت زیادہ نہیں ہے۔
گاہک	نہیں جناب۔ بہت مہنگا ہے۔
دکاندار	چلیے، آپ ۱۴ سو روپیے دے دیجیے۔
گاہک	نہیں، اب بھی زیادہ ہے۔ ۱۲ سو روپیے لے لیجیے۔

دکاندار	۱۲ سو روپیے بہت کم ہیں، اچھا، ایسا کیجیے، ۱۳ سو روپیے دے دیجیے۔
گاہک	نہیں، میں تو اس کے ۱۲ سو ہی دوں۔
دکاندار	اچھا، لے لیجیے۔ ۱۲ سو روپیے ہی دے دیجیے۔ یہ قیمت بہت کم ہے۔ لیکن آپ کو گاہک بنانے کے لیے دے رہا ہوں۔ لے لیجیے۔
گاہک	شکریہ۔
دکاندار	پھر تشریف لائیے گا۔